# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی بارے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور: 07 اگست 2026: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ دھان کے کاشتکار پتہ لپیٹ سنڈی کے ابتدائی حملے کا مشاہدہ کرنے کیلئے سایہ دار جگہوں کا انتخاب کریں۔ پتہ لپیٹ سنڈی کو کنٹرول کرنے کیلئے وٹوں پر اُگی ہوئی جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ دھان کی فصل کی باقاعدگی سے ہفتہ وار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔ سنڈی کی موثر نگرانی کیلئے روشنی کے پھندے لگائیں۔ نائٹروجن والی کھاد کے زیادہ استعمال سے گریز کریں۔ کیمیائی انسداد کیلئے نقصان کی معاشی حد (2 لپٹے ہوئے پتے فی پودا) آنے پر سفارش کردہ دانے دار زہروں یا کیڑے مار ادویات کے استعمال کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے کریں اور وقفہ قبل از برداشت کو مدِنظر رکھتے ہوئے فصل پر سپرے کریں یا دانے دار زہروں کا کھڑے پانی میں چھٹہ دیں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆